OFFICE OF ADMINISTRATIVE TRIALS AND HEARINGS
Help Center

اگر آپ کو سمن جاری کیا گیا ہو اور آپ کی جائیداد ضبط کر لی گئی ہو

کیا آپ کی جائیداد ضبط کی گئی ہے؟

جب بعض سمن جاری کیے جاتے ہیں تو حکام آپ کی جائیداد بھی ضبط کر سکتے ہیں، مثلاً آپ کی کار، موبائل فوڈ وینڈنگ کارٹ یا ٹرک، الیکٹرونک بائیک یا موٹرائزڈ اسکوٹر۔ ایسے معاملات میں اپنی جائیداد واپس حاصل کرنے کے لیے ایک مخصوص طریقۂ کار موجود ہوتا ہے۔

آپ سمن کو چیلنج کر سکتے ہیں

آپ کو موصول ہونے والے سمن کو چیلنج کرنے کے لیے "ایکسپیڈیٹڈ ہیرنگ" (Expedited Hearing) کا حق حاصل ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ سمن پر درج سماعت کی تاریخ سے پہلے بھی سماعت حاصل کر سکتے ہیں۔

1. **ایکسپیڈیٹڈ ہیرنگ حاصل کرنے کے لیے آپ کو OATH سے** رابطہ کرنا ہوگا، بذریعہ ٹیلی فون 4692-628 (844) پر کال کر کے یا بذریعہ ای میل ClerksOffice@oath.nyc.gov پر رابطہ کر کے۔
2. OATH آپ کو ایکسپیڈیٹڈ ہیرنگ کی تاریخ اور وقت سے آگاہ کرے گا (عام طور پر درخواست موصول ہونے کے 72 گھنٹوں کے اندر)۔ کچھ خلاف ورزیوں کے معاملات میں وہ افسر بھی سماعت میں حاضر ہوگا جس نے سمن جاری کیا تھا۔
3. سماعت کے فوراً بعد آپ کو OATH ہیرنگ آفیسر کی طرف سے ایک فیصلہ موصول ہوگا جس میں طے کیا جائے گا کہ آیا آپ کے سمن کو "ڈسمس" کیا جائے یا آپ کو "ان وائلیشن" (In Violation) قرار دیا جائے۔

آپ سمن کو تسلیم کر کے جرمانہ بھی ادا کر سکتے ہیں:

بعض سمنز کے معاملات میں آپ کے پاس یہ اختیار بھی ہوتا ہے کہ آپ خلاف ورزی کو تسلیم کر کے سمن میں درج جرمانہ ادا کر دیں اور سماعت میں شرکت نہ کریں۔ اس کے لیے آپ کو اپنا سمن نمبر فراہم کرنا ہوگا۔ آپ جرمانہ آن لائن، بذریعہ ڈاک (اپنی ادائیگی درج ذیل پتے پر بھیج کر) یا ذاتی طور پر کسی بھی OATH مقام پر ادا کر سکتے ہیں:
.Finance Commissioner, City of New York, PO Box 4199, Church Street Station, New York, NY 10261-4199)
ادائیگی یا شیڈولنگ سے متعلق سوالات کے لیے بذریعہ ای میل clerksoffice@oath.nyc.gov پر رابطہ کریں۔

کیا کوئی مجھے موصول ہونے والے سمن کو سمجھنے میں مدد دے سکتا ہے؟

جی ہاں، OATH کے پاس ایک ہیلپ سینٹر موجود ہے جہاں پروسیجرل جسٹس کوآرڈینیٹرز موجود ہوتے ہیں۔ یہ آپ کو درج ذیل امور کی وضاحت کر سکتے ہیں: عائد کیے گئے الزامات، سماعت کا طریقۂ کار، ممکنہ جرمانے، اپنی جائیداد واپس حاصل کرنے کے مراحل، خلاف ورزیوں کو درست کرنے کا طریقہ، ہیلپ سینٹر سے رابطہ کرنے کی ہدایات نیچے فراہم کی گئی ہیں۔

کیا میں اپنی جائیداد واپس حاصل کر سکتا ہوں؟

زیادہ تر معاملات میں درج ذیل طریقۂ کار مکمل کرنے کے بعد جائیداد آپ کو واپس کر دی جاتی ہے، تاہم کچھ وینڈنگ جائیداد ایسی ہوتی ہے جسے شہر اپنے پاس رکھتا ہے۔ جائیداد واپس کرنے کے بارے میں حتمی فیصلہ نیو یارک سٹی لا ڈپارٹمنٹ کی طرف سے کیا جاتا ہے۔

اگر میری جائیداد واپسی کے لیے اہل ہو تو میں اسے کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟

اگر آپ کی جائیداد واپس کی جا سکتی ہو تو آپ کو درج ذیل چیزیں فراہم کرنا ہوں گی:

1. OATH کے فیصلے کی ایک نقل جس میں خلاف ورزی کو ڈسمس کیا گیا ہو یا آپ کو ان وائلیشن قرار دیا گیا ہو۔
2. جرمانہ ادا کرنے کی صورت میں ادائیگی کی رسید۔
3. ضبط کی گئی جائیداد کا انوائس نمبر۔ (یہ آپ اس پولیس پریسنکٹ سے حاصل کر سکتے ہیں جس نے سمن جاری کیا تھا۔)
4. آپ کا فوٹو آئی ڈی۔ جس میں آپ کا پتہ درج ہو۔
5. ضبط شدہ جائیداد کی ملکیت کا ثبوت: براہ کرم نوٹ فرمائیں کہ اگر ضبط کی گئی جائیداد کسی اور شخص کی ملکیت ہو تو اضافی ثبوت درکار ہو سکتے ہیں۔
6. سمن کی ایک نقل۔
7. **وینڈرز کے لیے** جب آپ اوپر درج تمام دستاویزات حاصل کر لیں تو ہر دستاویز کی مکمل اور واضح نقل بذریعہ ای میل درج ذیل پتے پر ارسال کریں: ALVendors@law.nyc.gov اس کے بعد آپ کو مزید ہدایات فراہم کی جائیں گی کہ آیا آپ کی جائیداد واپسی کے لیے اہل ہے یا نہیں، اور اگر اہل ہو تو آپ اپنی جائیداد کیسے حاصل کر سکتے ہیں۔
8. **غیر وینڈرز کے لیے** جب آپ اپنی جائیداد واپس حاصل کرنے کے لیے تیار ہوں تو ایری بیسن آٹو پاؤنڈ (Erie Basin Auto Pound) سے بذریعہ ٹیلی فون 2031-246 (718) پر رابطہ کریں تاکہ تصدیق کی جا سکے کہ اپنی جائیداد واپس حاصل کرنے کے لیے آپ کو کیا درکار ہوگا۔ اگر کسی غیر معمولی صورت میں آپ کی جائیداد وہاں موجود نہ ہو تو مزید معاونت کے لیے اس پولیس پریسنکٹ سے رابطہ کریں جس نے سمن جاری کیا تھا (جس کی تفصیل آپ کے سمن پر درج ہوتی ہے)۔

*** براہ کرم نوٹ فرمائیں کہ جس انفورسمنٹ ایجنسی نے آپ کی جائیداد ضبط کی ہے صرف وہی اسے واپس کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔ ***

مزید معاونت کے لیے براہ کرم OATH ہیلپ سینٹر سے کسی بھی OATH مقام پر ذاتی طور پر پیر تا جمعہ صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک رابطہ کریں، یا بذریعہ ٹیلی فون 0845-436 (212) پر، یا بذریعہ ای میل Manhelpcenter@oath.nyc.gov پر رابطہ کریں۔